حیسکو پریس ریلیز 05.09.2026


سیفٹی فرسٹ: پی ٹی ڈبلیو کے بغیر کام نہیں، حفاظتی سامان کے بغیر فیلڈ آپریشن کی اجازت نہیں

سیفٹی فرسٹ محض ایک نعرہ نہیں بلکہ ہر افسر و ملازم کی عملی ذمہ داری ہے حفاظتی اصولوں پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور کام کی رفتار یا کسی افسر کی زبانی ہدایت سے زیادہ کارکن کی زندگی اہم ہے۔اس سیفٹی سیمینار تقریب میں کافی نئے محنت کش ورکر شامل ہیں، جن کے لیے یہ پہلا سیفٹی سیمینار ہے، سیفٹی کے اصولوں کو ذہن نشین کرلیں اور PTW کے بغیر کبھی کام نہ کریں، آپ سب پر لازم ہے کہ محنت لگن اور ایمانداری سے کام کرکے حیسکو کی ترقی کرانی ہے، ہم رواں مالی سال میں 90 فیصد ریکوری حاصل کرینگے، پھلیلی ڈویژن نے 15 ہزار کلو تار جمع کروائی ہے، یہ جو ہمارے نئے ساتھی آئے ہیں یہ 100 فیصد بجلی چوری کا خاتمہ کرینگے۔ پی ڈی سی کو ہدایات دی ہیں کہ AT&C کے تحت لاسسز کے تناسب سے لوڈ مینجمنٹ شیڈول پر سختی سے عمل کریں، زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز پر ایک ٹیم مقرر ہے جس کی ذمہ داری ہے بجلی چوری کا خاتمہ، زیرو ڈفالٹر اور 20 فیصد سے کم لاسسز ہونگے تو بہتر ورنہ ہم خراب کارکردگی پر اس ٹیم پر سخت ایکشن لیں گے۔ جان ہے تو جہان ہے اس لیے ہر کام سے پہلے حفاظت ضروری ہے کام کی اجازت نامہ، حفاظتی سامان، جانچ بجلی کی ترسیل سے علیحدگی، ارتھنگ اور تمام مقررہ حفاظتی اقدامات مکمل ہونے کے بعد کام شروع کیا جائے، سیفٹی کی اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب یہ صرف سیمینار تقریر یا کتابچے تک محدود نہ رہے بلکہ ہر فیلڈ کارکن کے عملی رویے کا حصہ بن جائے ہر ملازم یہ اصول ہمیشہ ذہن نشین رکھیں کہ کام کی اجازت نامہ کے بغیر کام نہیں، حفاظتی سامان کے بغیر کام نہیں اور حفاظتی اصولوں کی خلاف ورزی کی گنجائش نہیں۔ حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا آپریشن سرکل نواب شاہ کے زیر اہتمام سیفٹی سیمینار سے خطاب

حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے سیفٹی کے اصولوں پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایات دیں، آج اس سلسلے میں HSE کے زیر اہتمام سیفٹی سیمینار منعقد ہوا ہے، ملازمین کے پروموشن، بکٹ ماؤنٹیڈ گاڑیاں دی ہیں، لائن اسٹاف کو فیلڈ میں کام کرنا ہے، زندگی بہت قیمتی ہے، 56 سال سے زائد عمر والے لائن مین لائن پر کام نہیں کرسکتا، حال ہی میں T&P کا آرڈر منیجر (ایم ایم) نے جاری کیا لیکن ایس ڈی او تک اس پر عمل نہیں ہوا، اسٹرکچر کے ساتھ درخت لگے ہوئے ہیں اس کو ختم کرائیں، سیفٹی والے اس کی سختی سے مانیٹرنگ کریں، ہیزرڈس پوائنٹس کا خاتمہ کریں۔ مرکزی صدر عبداللطیف نظامانی آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کا آپریشن سرکل نواب شاہ کے زیر اہتمام سیفٹی سیمینار سے خطاب

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر سرکل نواب شاہ میں سیفٹی سیمینار منعقد کیا گیا ہے جبکہ یہ سلسلہ پورے حیسکو ریجن میں تمام لائن اسٹاف کو سیفٹی قوانین پر عملدرآمد کرانے کے لیے سیفٹی سیمینار منعقد کئے گئے ہیں کیونکہ انسانی جان بہت قیمتی ہے اس کی حفاظت لازمی ہے وہ صرف سیفٹی قوانین پر مکمل عمل کرنے سے ہی ممکن ہے، T&P حفاظتی آلات کا پابندی سے استعمال کرکے اپنے آپ کو محفوظ رکھیں، اس موقع پر حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا کہنا تھا کہ سیفٹی فرسٹ محض ایک نعرہ نہیں بلکہ ہر افسر و ملازم کی عملی ذمہ داری ہے حفاظتی اصولوں پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور کام کی رفتار یا کسی افسر کی زبانی ہدایت سے زیادہ کارکن کی زندگی اہم ہے۔اس سیفٹی سیمینار تقریب میں کافی نئے محنت کش ورکر شامل ہیں، جن کے لیے یہ پہلا سیفٹی سیمینار ہے، سیفٹی کے اصولوں کو ذہن نشین کرلیں اور PTW کے بغیر کبھی کام نہ کریں، آپ سب پر لازم ہے کہ محنت لگن اور ایمانداری سے کام کرکے حیسکو کی ترقی کرانی ہے، ہم رواں مالی سال میں 90 فیصد ریکوری حاصل کرینگے، پھلیلی ڈویژن نے 15 ہزار کلو تار جمع کروائی ہے، یہ جو ہمارے نئے ساتھی آئے ہیں یہ 100 فیصد بجلی چوری کا خاتمہ کرینگے۔ پی ڈی سی کو ہدایات دی ہیں کہ AT&C کے تحت لاسسز کے تناسب سے لوڈ مینجمنٹ شیڈول پر سختی سے عمل کریں، زیرو لوڈ شیڈنگ فیڈرز پر ایک ٹیم مقرر ہے جس کی ذمہ داری ہے بجلی چوری کا خاتمہ، زیرو ڈفالٹر اور 20 فیصد سے کم لاسسز ہونگے تو بہتر ورنہ ہم خراب کارکردگی پر اس ٹیم پر سخت ایکشن لیں گے۔ جان ہے تو جہان ہے اس لیے ہر کام سے پہلے حفاظت ضروری ہے کام کی اجازت نامہ، حفاظتی سامان، جانچ، بجلی کی ترسیل سے علیحدگی، ارتھنگ اور تمام مقررہ حفاظتی اقدامات مکمل ہونے کے بعد کام شروع کیا جائے، سیفٹی کی اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب یہ صرف سیمینار تقریر یا کتابچے تک محدود نہ رہے بلکہ ہر فیلڈ کارکن کے عملی رویے کا حصہ بن جائے ہر ملازم یہ اصول ہمیشہ ذہن نشین رکھیں کہ کام کی اجازت نامہ کے بغیر کام نہیں، حفاظتی سامان کے بغیر کام نہیں اور حفاظتی اصولوں کی خلاف ورزی کی گنجائش نہیں۔ ہر سیمینار میں حفاظتی طریقہ کار کی عملی نمائش کرائی جائے ملازمین کو بتایا جائے کہ کام کی اجازت نامہ میں کون کون سی معلومات شامل ہوتی ہیں اور اسے فیلڈ میں کس طرح استعمال کیا جائے۔ حفاظتی سامان کا ذخیرہ بھی رکھا جائے تاکہ اچانک ضرورت پڑنے کی صورت میں کسی فیلڈ ٹیم کو سامان کی کمی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور حفاظتی تقاضوں کو نظر انداز کرکے کام نہ کرنا پڑے۔ اس موقع پر مرکزی صدر عبداللطیف نظامانی آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کا آپریشن سرکل نواب شاہ کے زیر اہتمام سیفٹی سیمینار سے خطاب حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے سیفٹی کے اصولوں پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایات دیں، آج اس سلسلے میں HSE کے زیر اہتمام سیفٹی سیمینار منعقد ہوا ہے، ملازمین کے پروموشن، بکٹ ماؤنٹیڈ گاڑیاں دی ہیں، لائن اسٹاف کو فیلڈ میں کام کرنا ہے، زندگی بہت قیمتی ہے، 56 سال سے زائد عمر والے لائن مین لائن پر کام نہیں کرسکتا، حال ہی میں T&P کا آرڈر منیجر (ایم ایم) نے جاری کیا لیکن ایس ڈی او تک اس پر عمل نہیں ہوا، اسٹرکچر کے ساتھ درخت لگے ہوئے ہیں اس کو ختم کرائیں، سیفٹی والے اس کی سختی سے مانیٹرنگ کریں، ہیزرڈس پوائنٹس کا خاتمہ کریں۔ ڈائریکٹر ہیلتھ سیفٹی انوائرنمنٹ آصف شیراز نے تقریب سے خطاب کرتو ہوئے کہا کہ سب سے پہلے حفاظت اس کے بعد کام کے اصول کو لازمی آپنائیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر (سیفٹی) مختیار حسین شاہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیفٹی کے اصولوں پر مکمل عمل کرنے پر زور دیں تاکہ کوئی بھی حادثہ رونما نہ ہوسکے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) سرکل نواب شاہ، انصاف علی بروہی نے سیفٹی کے حوالے سے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ انسانی جان کا تحفظ اولین ترجیح ہے، اس لیے تمام فیلڈ ملازمین حفاظتی اصولوں اور ایس او پیز پر ہر صورت مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ معمولی سی غفلت بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے، لہٰذا کام شروع کرنے سے قبل حفاظتی اقدامات، پرمٹ ٹو ورک (PTW) اور ضروری حفاظتی آلات کا استعمال لازمی بنایا جائے۔ گلزار احمد دستی ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) سرکل نواب شاہ انصاف علی بروہی نے آپکو سیفٹی کے بارے میں مکمل آگاہی دی ہے آپ سے گذارش ہے کہ میں نے سیفٹی کارڈ بنایا ہے جس میں حادثات سے بچنے کے لیے دعا اور 5 نکات پر مشتمل حفاظتی ہدایات آویزاں ہیں آپ اس پر عمل کریں گے تو حادثات نہیں ہونگے انسانی جان قیمتی ہے اس کی حفاظت کرنی ہے تکنیکی عملہ ہمیں بہت عزیز ہے کام سے پہلے پی ٹی ڈبلیو لازمی لینا ہے۔ اس تقریب میں قائد مزدور عبداللطیف نظامانی مرکزی صدر آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کے ہمراہ اقبال خان، اعظم خان و دیگر عہدیداران موجود تھے۔ جبکہ حیسکو کی جانب سے حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی، ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹیکنیکل) انصاف علی بروہی، ڈپٹی ڈائریکٹر (سیفٹی) مختیار حسین شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر کمرشل نوید اختر چھاچڑ، ایکسین آپریشن ڈویژن نواب شاہ مخدوم مدثر، ایکسین آپریشن ڈویژن ٹنڈو آدم غیاث الدین شیخ، ایکسین آپریشن ڈویژن سانگھڑ طارق ندیم جاٹ، ایکسین آپریشن ڈویژن ٹیاری غلام فاروق تنیو، ایس ڈی او/کوآرڈینیٹر ولید اداچانڈیو، ڈپٹی ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) محمد صادق کبر، سیاسی و سماجی رہنما جنید ڈاہری، شفیق ڈاہری و دیگر افسران و تکنیکی عملہ بھی موجود تھا۔







حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، قائد مزدور عبداللطیف نظامانی مرکزی صدر آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے)، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی و دیگر افسران نواب سرکل کی جانب سے منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے